ینگ آفینڈر اسیسمنٹ پینل

- خدمت کی وضاحت

ینگ آفینڈر اسیسمنٹ پینل [نو عمر مجرم کی تشخیص سے متعلق پینل (YOAP)] ایک خصوصی بورڈ ہے جو نوعمر مجرموں کو سزا دہندگی کے معاملے میں انتہائی مناسب بازآباد کاری پروگرام سے متعلق ججوں اور مجسٹریٹوں کو باہم مربوط پیشہ ورانہ آراء فراہم کرنے کے لئے سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ [محکمہ برائے سماجی بہبود (SWD)] اور کریکشنل سروسز ڈپارٹمنٹ (محکمہ برائے اصلاحی خدمات) کے ذریعہ مشترکہ طور پر تشکیل دیا گیا ہے۔

- اہدافی گروپ

1. 14 سے لے کر 25 سال سے کم عمر تک کے مرد مجرمین؛
2. 14 سے لے کر 25 سال سے کم عمر تک کی خواتین مجرمین۔

- خدمت کے مندرجات

ججوں / مجسٹریٹوں کی جانب سے حوالے موصول ہوجانے پر، YOAP کے ممبران جو دونوں ہی شعبوں کے نمائندے ہوتے ہیں کیس کے سلسلے میں SWD اور CSD کی موزونیت سے متعلق ساری رپورٹوں اور متعلقہ مواد کا مطالعہ کریں گے۔ وہ ہر مجرم کا انٹرویو بھی لیں گے، متعلقہ مجرم کے تمام ناگزیر معالجاتی اختیارات کا معائنہ کریں گے اور سزا دہندگی کے حوالے کے لئے ججوں / مجسٹریٹوں کے سامنے انتہائی مناسب بازآبادکاری پروگرام سے متعلق تجویز پیش کریں گے۔

- شرط

1. SWD اور CSD دونوں ہی سے موزونیت سے متعلق رپورٹیں طلب کرلی گئی ہیں / کی جا رہی ہیں؛
2. مجرم کو CSD کی تحویل میں دیا جانا چاہیے تاکہ طبّی، دماغی اور / یا نفسیاتی تشخیص، اور YOAP کے انٹرویو کی سہولت بہم پہنچائی جائے۔

- استفسارات

پتہ: .Room 735, 7/F, Wu Chung House, 213 Queen's Road East, Wan Chai, Hong Kong

ٹیلیفون: 2892 5105

فیکس: 2572 3540

ای میل پتہ: corenq@swd.gov.hk

دفتر کے اوقات:

پیر تا جمعہ صبح 8:45 بجے تا شام 6:00 بجے

(ہفتہ، اتوار اور سرکاری تعطیلات کے دنوں میں بند رہتا ہے)